[illegible]

بحمد اللہ و المنۃ

کہ یہ نہایت خیر و برکت کتاب مسمیٰ بہ

معدن الدقائق

ترجمہ اردو

کنوز الحقائق

جس میں امام عبد الرؤف مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے

دس ہزار (۱۰۰۰۰) احادیث نبوی کا بے بہا ذخیرہ جمع کیا

اور خاکسار محبوب عالم نے بعد فراغت حج بیت اللہ شریف سے آ کر اہل اسلام ہند کے فائدہ کیلئے اردو ترجمہ کے ساتھ

زیر اہتمام میاں عبد المجید صاحب مینجر پیسہ اخبار لاہور

سنہ ۱۹۳۰ء میں

بار اوّل

مطبع گلزار ہند سٹیم پریس لاہور میں طبع کرائی

۲۳۰۱	انزل القرآن فی ثلاثة امکنة مکة والمدینة والشام	(طـ)	قرآن تین مقامات پر نازل ہوا ہے۔ مکہ۔ مدینہ اور شام میں
۲۳۰۲	انزلوا الناس منازلھم	(م)	لوگوں کو انکے درجوں کے مطابق جگہوں پر اتارو
۲۳۰۳	انظر الیھا فان فی اعین الانصار شیئا	(ن)	اس عورت کی طرف دیکھ کیونکہ انصار کی آنکھ میں کچھ عیب ہے
۲۳۰۴	انظری فانما ھو جنتك ونارك	(سع)	تو دیکھ پس وہ تیرا بہشت اور دوزخ ہے
۲۳۰۵	انعم علی نفسك کما انعم الله علیك	(بخا)	اپنے نفس پر انعام کر جس طرح اللہ نے تجھ پر انعام کیا ہے
۲۳۰۶	انفقی علیھم فلك اجر ما انفقت علیھم	(خ)	انپر تو خرچ کر تیرے لئے تیرے خرچ کرنیکا ثواب ہے
۲۳۰۷	انکحوا فانی مکاثر بکم یوم القیامة	(لا)	تم نکاح کرو کہ میں تمہارے باعث سے قیامت میں اپنی کثرت ظاہر کرنیوالا ہوں
۲۳۰۸	انھاك ان لا تکون لعانا	(سع)	میں تجھے منع کرتا ہوں تاکہ تو لعنت کرنیوالا نہ ہو
۲۳۰۹	انھی عن کل مسکر اسکر عن الصلاة	(م)	میں تجھے منع کرتا ہوں ہر ایک منشی چیز سے جو کہ نماز سے بیہوش کرے
۲۳۱۰	انھاکم عن صیام یومین الفطر والاضحیٰ	(ع)	میں تمکو دو دن روزہ رکھنے سے منع کرتا ہوں عید الفطر اور عید قربان
۲۳۱۱	انھاکم عن الزور	(طـ)	میں تمکو جھوٹ سے منع کرتا ہوں
۲۳۱۲	انھشوا اللحم نھشا فانه اشھی واھنأ وامرأ	(حم)	گوشت کو دانتوں سے چبا کر کھاؤ کہ وہ اشتہا پیدا کرنیوالا خوش ہضم و خوشگوار ہے
۲۳۱۳	انھوا نسائکم عن لبس الزینة والتبختر فی المسجد	(ت)	اپنی عورتوں کو مسجدوں میں زینت و تکبر کرنے سے منع کرو
۲۳۱۴	اھتز عرش الرحمٰن لموت سعد بن معاذ	(ق)	اللہ کا عرش بوجہ موت سعد بن معاذ کے کانپا
۲۳۱۵	اھتز العرش لموت سعد بن معاذ	(ش)	عرش سعد بن معاذ کی موت سے کانپا
۲۳۱۶	اھج قریشا فانه اشد علیھم من رشق النبل	(م)	تو قریش کی ہجو کر کیونکہ یہ ہجو انکے لئے تیر کی مار سے سخت ہے۔
۲۳۱۷	اھرق الخمر واکسر الدنان	(دز)	شراب گرا دے اور مٹکے توڑ دے
۲۳۱۸	اھل البدع کلاب اھل النار	(ق)	بدعتی لوگ جہنمیوں کے کتے ہوں گے
۲۳۱۹	اھل الجنة کلما جامعوا نساءھم عادوا ابکارا	(ة)	جنتی لوگ جب بھی اپنی عورتوں سے جماع کرینگے وہ پھر باکرہ ہو جائینگی
۲۳۲۰	انتم والساعة کھاتین	(حم)	تم اور قیامت ان دو انگلیوں کیطرح متصل و قریب ہو
۲۳۲۱	انتم الغر المحجلون من اسباغ الوضوء	(حم)	تو پنج کلیان ہوگے بوجہ آثار وضو کے
۲۳۲۲	انتظار الفرج من الله عبادة	(حم)	اللہ کیطرف سے خوشی کا انتظار کرنا عبادت ہے
۲۳۲۳	انتھیت الی السدرة فاذا نبقھا مثل الجرار	(ت)	میں سدرة المنتہی تک پہونچا اسکے بیر مثل مٹکوں کے تھے۔